

آپ کو انسانی سمگلنگ سے
محفوظ رکھنے کے لیے ہم
آپ کے ساتھ ہیں
مؤسسة دبي
لرعاية النساء والأطفال
DUBAI FOUNDATION FOR WOMEN & CHILDREN

## انسانی سمگلنگ کیا ہے

یہ دھمکی یا طاقت کے استعمال یا جبر کی دیگر صورتوں جیسے اغواء، فراڈ اور دھوکے کے ذریعے لوگوں کی بھرتی، ترسیل، منتقلی یا وصولی کا نام ہے، تاکہ ان لوگوں (انسانی سمگلنگ کے شکار لوگوں) کے استحصال اور انہیں جنسی کاروبار، جبری مشقت یا خدمت، غلامی یا اس سے ملتے جلتے طریقوں، بغرض تجارت جسمانی اعضاء نکالنے جیسے کاموں کے لیے استعمال کیے جائیں ۔

### انسانی سمگلنگ کے جرم کا پھیلاؤ

انسانی سمگلنگ دنیا بھر میں، اکثر ممالک میں پھیلی ہوئی ہے۔ یہ ممالک یا تو اصل ممالک  ہوتے ہیں، یعنی وہ ملک جن سے انسانی سمگلنگ کے شکارلوگوں کا تعلق ہوتا ہے؛ یا ہدف ممالک، یعنی جہاں شکار ملازمت، سیریا تعلیم وغیرہ کے لیے جاتے ہیں؛ اور ٹرانزٹ ممالک جن میں سےانسانی سمگلنگ کے شکارلوگ گزرتے ہیں۔ ٹرانزٹ ممالک میں انسانی سمگلنگ کے شکارلوگوں کا استحصال کیا جاتا ہے، یا ہدف ممالک میں پہنچنے سے پہلےان کی سمگلنگ کے انتظامات کیے جاتے ہیں۔

## سب سے زیادہ سمگلنگ کے شکار ہونے والا گروہ

**سمگلروں کا نشانہ:**

- عام طور پرعورتیں اور بچے؛
- غیرتعلیم یافتہ لوگ؛
- وہ لوگ جن کی تعلیم وتربیت، شعور یا سمجھ بوجھ کی سطح ناکافی ہو؛
- وہ لوگ جو انسانی سمگلنگ کے بارے میں جانتے نہیں یا انھوں نے اس بارے میں کچھ سنا نہیں؛
- وہ لوگ جو مشکل معاشی اور سماجی حالات میں رہتے ہوں اور روزگار کی تلاش میں ہوں؛
- وہ لوگ جو ملازمت تلاش کرنے یا ملازمت کےحصول کے دوران اپنےحقوق اور ملازمت کے معاہدے کی تفصیلات جاننے میں کوتاہی کرتے ہیں؛
- وہ لوگ جو بیرون ملک سفر کرنے یا کام کرنے کے مواقع کی تلاش کرنے میں اپنے دوستوں یا رشتہ داروں پر اندھا اعتماد کرتے ہیں؛ اور
- وہ لوگ جو بیرون ملک سفر کے لیے رقم ادھار لینے یا اپنی یا اپنے رشتے داروں کی جائیداد فروخت کرنے کے معاملے میں جلد بازی میں فیصلہ کرتے ہیں۔

# اپنے آپ کو انسانی سمگلنگ کا شکار بننے سے کیسے بچایا جائے؟

- ان کمپنیوں سے لین دین میں احتیاط برتیں جو صرف انٹرنیٹ کے ذریعہ لین دین کرتے ہیں اور جن کے ایجنٹ اپنے موبائل کے ذریعہ معاملات طي کرتے ہیں۔

- ایسی پرکشش ملازمتوں سے بچیں جن میں کاغذات، سرکاری دستاویزات، ویزا، سفر کی ٹکٹ اور رہائش مفت فراہم کیے جارہے ہوں ، جبکہ ملازمت کے لیے کوئی اہلیت درکار نہ ہو۔ یہ آپ کو انسانی سمگلنگ کا شکار بنانے کے لیے دھوکا اور فراڈ ہو سکتا ہے۔

- ملازمت کے لیے سفر کرنے کے وقت انٹری ویزا کا تقاضہ کریں اور اپنے پاس موجود اجازت نامے سے اس کا موازنہ کریں۔

- کسی ملک میں داخل ہونے یا وہاں سے گزرنے کے لیے جعلی سفری دستاویزات کے استعمال سے مکمل اجتناب کریں۔

- جعلی بھرتی ایجنسیوں میں کام کرنے والے لوگوں سے ہوشیار رہیں۔ اور ہمیشہ اس ملک کی سفارت خانہ یا قونصلیٹ سے رابطہ کریں جہاں آپ جا رہے ہوں، تاکہ ان بھرتی دفاتر کی جائز حیثیت کے بارے آپ کو یقین حاصل ھو۔

- ملازمت قبول کرنے سے پہلے ملازمت کے معاہدے کو چیک کریں اور اس کی تمام تفصیلات کا جائزہ لیں (جیسے ملازمت کی نوعیت، تنخواہ، کام کے اوقات، چھٹیاں، ملازمت ختم ہونے پرملنے والے فوائد، رہائش اور دیگر حقوق جیسے علاج اور انشورنس وغیرہ)۔

- ایسے کسی معاہدے پردستخط کرنے سے انکار کردیں جو کسی ایسی زبان میں لکھا ہو جو آپ نہیں سمجھتے۔ آجر سے کہیں کہ وہ معاہدہ کسی ایسی زبان میں فراہم کرے جو آپ سمجھ سکتے ہوں اوروہ معاہدے کی تمام شقوں کی وضاحت کرے۔
خاص طور پر:
1. ملازمت شروع ہونے کی تاریخ
2. ملازمت کی طرز اور نوعیت
3. ملازمت کی جگہ
4. ملازمت کے قواعد و ضوابط
5. تنخواہ

(آپ کو چاہیےکہ معاہدے کے عربی ترجمے کا مطالبہ کریں تاکہ متحدہ عرب امارات میں ملازمت سے جڑے کسی تنازعہ کی صورت میں اسے حوالے کے طور پر استعمال کیا جاسکے)۔

- ملازمت کے دوران ہمیشہ انسانی اقدار اور اخلاقیات کی بالادستی کو یقینی بنائیں۔ اگر آپ سے کوئی غیر اخلاقی یا غیر قانونی کام کرنے کو کہا جائے تو فوراً کام چھوڑدیں اور ملک میں مجاز اداروں اور دفتروں کو فوری اطلاع دیں۔

- اپنا پاسپورٹ اورتمام شناختی دستاویزات ہمیشہ سنبھال کر رکھیں اور ان کی نقول ایسی جگہ پر رکھیں جہاں کسی کی پہنچ نہ ہو، تاکہ انھیں آپ پر دباؤ ڈالنے کے لیے استعمال نہ کیا جاسکے۔

- اپنے گھریا رہائش کا پتا اوراس علاقے کا نام جاننے پر زور دیں جہاں آپ رہائش پذیرہوں گے۔ ہمیشہ ضروری ٹیلی فون نمبر یاد رکھیں (پولیس، آپ کے ملک کی سفارت خانہ ، ایمبولینس، انسانی حقوق کی تنظیمیں، امیگریشن دفاتر، وزارت لیبر اور دیگرسرکاری حکام)۔

- متحدہ عرب امارات اپنے قوانین اور انکے عادلانہ نفاذ کے ذریعے انسانی حقوق کو

## اگرآپ انسانی سمگلنگ کا شکار بن جائیں تو:

- اپنی تمام تر طاقت کا استعمال کرتے ہوئے ذلت اور استحصال کے خلاف لڑیں۔ کسی ایسی سرگرمی کا حصہ نہ بنیں جو آپ کی اقدار، مذہب، قانون یا اصول کی پامالی کرتی ہو؛
- دلالوں کی طرف سے ڈالے گئے کسی دباؤ یا دھمکی کے آگے نہ جھکیں اور یاد رکھیں کہ ایسی دھمکیاں سچ نہیں ہوتیں۔
- خود پولیس کو رپورٹ کریں یا اپنے اردگرد کے لوگوں سے مدد طلب کریں۔
- ملک میں موجود اپنے دوستوں اور رشتہ داروں کو کال کرنے کی کوشش کریں تاکہ وہ آپ کے مسئلے کے بارے رپورٹ کرسکیں۔

حفاظت کرنے والے ممتاز ممالک میں سے ایک ہے۔ دھمکیوں کے آگے نہ جھکیں، نہ ہی غیر اخلاقی طریقوں کو قبول کریں۔ آپ کو سمجھنا چاہیےکہ آپ کے پاس سرکاری اداروں سے مدد مانگنے کا حق ہے۔ (جیسے پولیس یا اپنے ملک کی سفارت خانہ اور قونصلیٹ)۔

- اپنا فون اپنے پاس رکھیں اور اسے اپنے شخصي چیزوں میں شمار کرے۔ اپنے واقف کاروں، رشتے داروں اور قریبی دوستوں کے علاوہ مجاز اداروں کے نمبر خصوصی نوٹ بک میں محفوظ رکھیں تاکہ ضرورت پڑنے پرآپ ان سے رابطہ کرسکیں۔

- آپ کوعلم ہونا چاہیے کہ اگر آپ کے گھر والوں اور بااعتماد رشتہ داروں کو آپ کا رہائشی پتا اور آپ کی ملازمت کی تفصیلات کا علم ہو گا تو آپ کے انسانی سمگلنگ کا شکار ہونے کی صورت میں ان کے لیے آپ کی خبر رکھنا اور مدد فراہم کرنا آسان ہوگا۔

| تنظیم | نمبر |
|---|---|
| دبئی فاؤنڈیشن فار ویمن اینڈ چلڈرن کی ہاٹ لائن | 800-111 |
| ایوا کی ہاٹ لائن | 800-7283 |
| انٹی ہیومن ٹریفکنگ سنٹر - دبئی | 8005005 |


مؤسسة دبي لرعاية النساء والأطفال
DUBAI FOUNDATION FOR WOMEN & CHILDREN

هاتف: +٩٧١٤٦٠٦٠٣٠٠
www.dfwac.ae
فاكس: +٩٧١٢٨٧١١٧٧
ص.ب.: ٩٧٧٢٧ دبي